© rasailojaraid.com



# کتاب نما

ادارہ

## قرآنیات پر نئی کتابیں

**قرآن کریم کے اردو تراجم** :(کتابیات) مرتبہ: ڈاکٹر احمد خاں، نظر ثانی: سید عبد القدوس ہاشمی، ناشر: مقتدرہ قومی زبان، اسلام آباد، سنہ ۱۹۸۷ء، صفحات ۲۹۶، قیمت مجلد ۶۰ روپئے

قرآن مجید دنیا کی سب سے زیادہ پڑھی جانے والی کتاب ہے، اور اب تک سب سے زیادہ ترجمہ بھی اسی کتاب کا کیا گیا ہے، مختلف اداروں کی جانب سے اردو تراجم اور تفاسیر کی فہرست مرتب کرنے کی کوشش کی گئی ہے، ڈاکٹر احمد خاں کی یہ کتاب اسی سلسلہ کی ایک کڑی ہے، اس میں مترجم، کتاب کا نام، کتاب کی نوعیت، مطبوعہ کتابوں کا مکمل پتہ اور سنہ اشاعت کی وضاحت کی گئی ہے، ساتھ ہی کتاب میں اس کی بھی کوشش کی گئی ہے کہ ہر اردو ترجمے خاص کر پرانے ترجمے کے متعلق یہ بھی بیان کریں کہ وہ اب کہاں دیکھا جا سکتا ہے، کتاب میں مجموعی طور پر ۱۰۱۱ تراجم کا تعارف کرایا گیا ہے۔

**مولانا آزاد کی قرآنی بصیرت**، تالیف: مولانا اخلاق حسین قاسمی
ناشر: سنی پبلیکیشنز، عزیز مارکیٹ، اردو بازار، لاہور، قیمت ۴۸ روپئے

مولانا ابو الکلام آزاد کی زندگی کی مختلف جہات میں ایک جہت ان کی خدمت قرآن ہے، جسے کسی صورت نظر انداز نہیں کیا جا سکتا، مولانا کے موقر قرآنی مقالات اور ان کی شہرۂ آفاق تفسیر ترجمان القرآن قرآنی علوم و معارف کا بیش بہا خزانہ تصور کی جاتی ہے۔ مولانا اخلاق حسین قاسمی جو مولانا آزاد کی علمی و تحقیقی نگارشات پر گہری نگاہ رکھتے ہیں انہی افادات کی

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



روشنی میں انہوں نے مولانا آزاد کی قرآنی بصیرت کا مرتبہ ومقام متعین کرنے کی کوشش کی ہے۔ کتاب کے شروع میں مولانا منت اللہ رحمانی اور مولانا سعید الرحمن علوی نے پیش لفظ اور مقدمہ لکھا ہے جس میں کتاب کے ساتھ مصنفِ کتاب کا تعارف بھی کرایا گیا ہے۔

**التعریف والاعلام فیما اُبھم من الاسماء والاعلام فی القرآن الکریم،** تصنیف: ابوالقاسم عبدالرحمن السہیلی (تحقیق: عبدأ۔ مھنا) ناشر: دار الکتب العلمیہ پوسٹ بکس ۹۴۲۴ بیروت لبنان، طبع اول ۱۹۸۷ء صفحات ۱۹۲۔

یہ کتاب اب تک زیورِ طبع سے آراستہ نہ ہو سکی تھی، استاذ عبدأ۔ مھنا کی تحقیق کے ساتھ شائع ہو کر پہلی بار منظر عام پر آئی ہے۔

قرآن مجید میں متعدد مقامات ایسے ہیں جہاں کسی مخلوق یا شخصیت کا ذکر آیا ہے، لیکن نام کی کوئی صراحت نہیں کی گئی ہے، مصنف ؒ نے اس کتاب میں ایسے تمام اسماء واعلام کی وضاحت کرنے کی کوشش کی ہے، جن میں کسی طرح کا ابہام پایا جاتا ہے، تاکہ طالبانِ علوم قرآن کو تمام مواد یکجا مل جائے اور ان کی تحقیق وجستجو میں زیادہ دقت نہ ہو۔

**مظاہر فطرت اور قرآن،** ڈاکٹر سید عبدالودود، طبع اول ۱۹۸۸ء خالد پبلشرز ۵۰، عثمان بلاک نیو گارڈن ٹاؤن، لاہور پن کوڈ ۵۴۶۰۲، صفحات ۴۰۳

یہ کتاب حرفِ اول، دیباچہ، پندرہ ابواب اور حرفِ آخر پر مشتمل ہے، حرفِ اول میں مقصدِ تصنیف اور دیباچہ میں قرآن مجید کی آفاقیت وہمہ گیریت، سائنس کا مقام اور اس کی اہمیت، سائنس دانوں کی قسمیں اور ان کا طریقِ کار نیز انسان و کائنات کے درمیان باہمی روابط اور اس کے لازمی تقاضوں پر بحث کی گئی ہے اس کے بعد قانونِ تخلیق، کائنات کی کیمیائی اور طبعی بنیاد کائنات کا ڈھانچہ، تخلیق کائنات، زمین کی ساخت، ہوائیں، بادل، بارش، اولے، ہائیڈروسفیر روئے زمین پر کیمیائی ارتقاء، روئے زمین پر زندگی کی نمود، روشنی کے دوام کا خودکار نظام، تولید، بدلتے ہوئے ماحول سے موافقت، نظریہ ارتقاء، علم فلکیات نیز عقل کا استعمال

© rasailojaraid.com